آزاد جموں وکشمیر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میر پور

پریس ریلیز:

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شکایات موصول ہو رہی ہیں کہ بعض تعلیمی ادارہ جات بورڈ کے نام پر طلباء/طالبات سے بورڈ کی مقرر کردہ رجسٹریشن فیس سے زائد رقم وصول کر رہے ہیں جبکہ تعلیمی بورڈ میر پور کے زیر انتظام تعلیمی سیشن 27-2025 سے ریگولر امیدواران کے داخلہ کے لیے سنگل رجسٹریشن فیس ثانوی جماعت نہم -/2630 روپے، انٹرمیڈیٹ سال اول کی رجسٹریشن فیس -/2775 روپے جبکہ میڈیکل ٹیکنالوجی کی رجسٹریشن فیس -/5450 روپے فی کس مقرر ہے۔ مزید برآں ریگولر داخل ہونے والے اسپیشل، یتیم اور مہاجرین جموں وکشمیر کی رجسٹریشن فیس معاف ہے۔ مقرر کردہ رجسٹریشن فیس سے زائد رقم تعلیمی بورڈ کے نام پر لینا قانوناً جرم ہے جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ سربراہ ادارہ پر ہوگی۔

05/09/2025

سیکرٹری

نمبر بورڈ/رجسٹریشن/1556-66/2025 مورخہ 05/09/25

نقل بالا بخدمت:

1۔ پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین
2۔ کنٹرولر امتحانات کالجز/سکولز بورڈ ہذا
3۔ فوکل پرسن بورڈ ہذا
4۔ سسٹم انالسٹ صاحبہ بورڈ ہذا
5۔ نگران/انچارج علاقائی رابطہ دفتر مظفر آباد/راولاکوٹ
6. اسٹیشن ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میر پور/مظفر آباد، نمائندہ پی، ٹی، وی/نیوز ایجنسی اے پی سی ساجد پلازہ میر پور
7۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میر پور بغرض اشاعت بطور خبر در قومی اخبارات
8۔ نمائندگان PTV/APP روزنامہ نوائے وقت/خبریں/جنگ/پاکستان/اوصاف/شاہین/محاسب بغرض اشاعت بطور خبر
9۔ نیوز ڈائریکٹر صاحب FM 90 میر پور
10۔ داخلی تقسیم/آفس آرڈر فائل/مسل متعلقہ/نوٹس بورڈ

D/sirai / press release 52